# مقدس جگہ حصہ اول

کاپی رائٹ ہیلن شزمپٹن 2019 تمام جملہ حقوق محفوظ

www.crystalsandcrochet.com




اون کے بارے میں تمام معلومات اور رنگوں کا فی چکر استعمال کی معلومات کے لئے بلاگ پوسٹ لنک شامل کر دیا جائے گا

https://crystalsandcrochet.com/crochet/introducing-sacr…e-crochet-a-long

تمام نمونہ امریکی انگریزی میں لکھا گیاہ

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## مخفف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| St, sts | ٹانکا، | Sc | سادہ ٹانکا | Bl | اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں |
| R | چکر | Hdc | آدھا بڑا ٹانکا | Fl | ا وپری زنجیر کے اگلے حصے میں |
| Ch | ٹانکا زنجیر | Dc | بڑا ٹانکا | Bp | ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے |
| Sl-st | گم ٹانکا | Tr | دو بل ٹانکا | Fp | ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے |
| | | Dtr | تین بل ٹانکا | | |

اشارے آپ کی سہولت کے لئے دئے گئے ہیں جو امید ہے کہ نئے بننانے والو کے لئے آسانی کا باعث ہوگے ۔

(p) تصاویر کو اعداد سے ظاہر کیا گیا ہے

دو ستاروں کے درمیان دی گئی ہدایات کو بتائی گئی تعداد میں دہرائیں * *

یہ عام طور پر مکمل طرف کی دہرائ ہوتی ہے جس میں کئ طرح کی ہدایات شامل ہوتی ہیں

بریکٹ کے اندر دی گئی ہدایات کو بتائی گئی تعداد میں دہرائیں()

یہ عام طور پر نچلے درجے کی دہرائی ہوتی ہے

## خصوصی ٹانکے

اس نمونے میں کئ خصوصی ٹانکے استعمال کئے گئے ہیں ۔معلومات کے لئے میرے یو ٹیوب چینل پہ معلومات حاصل کر سکتے

YouTube Channel Special Stitches

### دو سادہ ٹانکوں کا جھنڈ Sc2tog

ہک کو ٹانکے میں سے گزار کہ ایک پھندہ کھینچ لیں ہک پہ دو پھندے ہیں اگلے ٹانکے میں یہی عمل دہرائیں ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر تینوں پھندوں سے اون کھینچ لیں

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## تین سادہ ٹانکوں کا جھنڈ sc3tog

ہک کو ٹانکے میں سے گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ہک پہ دو پھندے ہیں اگلے دو ٹانکوں میں یہ عمل دہرائیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر چاروں پھندوں سے اون کھینچ لیں

## تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈDc3tog

بل ڈال کر ٹانکے میں سے گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں ہک پہ دو پھندے ہیں اگلے دو ٹانکوں میں یہ عمل دہرائیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر چاروں پھندوں سے اون کھینچ لیں

## شروعاتی تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ Beginning dc3tog

دو زنجیر ٹانکے بنائیں بل ڈال کر ہک ٹانکے میں سے گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ہک پہ بل ڈال کر پھندہ کھینچ لیں ہک پہ دو پھندے ہیں اگلے ٹانکے میں یہی عمل دہرائیں ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر تینوں پھندوں سے اون کھینچ لیں

## تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ 3dc cluster

ہک پہ بل ڈال کر بتائی گئے ٹانکے یا جگہ میں سے ہک گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں ہک پہ دو پھندے ہیں اگلے دو ٹانکوں میں یہ عمل دہرائیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر چاروں پھندوں سے اون کھینچ لیں

## دو ٹانکوں پہ بنا تین بل ٹانکوں کا جھنڈ 2tr cluster

ہک پہ دو بل ڈال کر بتائے گئے ٹانکے یا جگہ میں سے ہک گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں اس عمل کو ایک بار اور دہرائیں ہک پہ دوپھندے ہیں اس عمل کو اس ہی ٹانکے یا جگہ میں ایک بار اور دہرائیں ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر تینوں پھندوں سے اون کھینچ لیں

## شروعاتی دو ٹانکوں پہ بنا تین بل ٹانکوں کا جھنڈ Beginning 2tr cluster

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ہک پہ دو بل ڈال کر ٹانکے یا جگہ میں سے ہک گزار کہ پھندہ کھینچ لیں اس عمل کو کل تین بار دہرائیں

## تین ٹانکوں پہ بنا تین بل تین ٹانکوں پہ بنایا جاتا ہے3trc cluster

ہک پہ دو بل ڈال کر پھندہ کھینچ لیں بتائے گئے ٹانکے یا جگہ میں سے ہک گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں اس عمل کو کل دو بار دہرائیں ہک پہ دو پھندے ہیں اس ہی ٹانکے یا جگہ میں اس عمل

کو دو بار اور دہرائیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر چاروں پھندوں سے اون کھینچ لیں

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## جھالر ٹانکاRuffle Stitch

تین ٹانکوں پہ بنایا جاتا ہے بتائے گئے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں سادہ ٹانکا بنائیں اور اس ٹانکے کے گرد اوپر سے نیچے آتے ہوئے ایک آدھا بڑا ٹانکا اور تین بڑے ٹانکے بنائیں اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں سادہ ٹانکا بنائیں

## دانہ ٹانکا Picot

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ہک کو سامنے والے اور سائیڈ کے پھندے سے گزاریں ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر پھندے کو کھینچتے ہوئے گم ٹانکا بناکر اکھٹا کر لیں

## پہلا چکر

جادوئی چھلا بناکر اس میں ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور پھر بارہ آدھے بڑے ٹانکے بنائیں پہلے آدھے بڑے ٹانکے سے گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں: بارہ آدھے بڑے ٹانکے




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## دوسرا چکر

تین زنجیر ٹانکے بنائیں (بڑا ٹانکا شمار ہوگا ) ( تصویر نمبر ایک دیکھئے) ( دو زنجیر ٹانکے بنائیں اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں )( تصویر نمبر دو دیکھئے ) کل پانچ مرتبہ دہرائیں دو زنجیر ٹانکے بنائیں اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں پہلے بنائی گئے تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر ٹانکے کو جوڑ کر چکر مکمل کریں

اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کریں: با رہ بڑے ٹانکے - دو زنجیر ٹانکے والی جگہ چھ




## تیسرا چکر

کسی بھی بنائے گئے دو بڑے ٹانکوں کے دوسرے ٹانکے میں کھڑا پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ( تصویر نمبر ایک دیکھئے ) (دو زنجیر ٹانکوں والی جگہ کے سامنے کی طرف سے چکر نمبر ایک کی خالی جگہ میں چار بل ٹانکا بنائیں چکر نمبر دو کی دو زنجیر جگہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں اور پھر چکر نمبر ایک کی خالی جگہ میں چار بل ٹانکا بنائیں اگلے دو ٹانکوں کے گرد ٹانکے کی پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں) ( تصویر نمبر دو دیکھئے) کل چھ بار دہرائیں .آخری دہرائی میں ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنا سادہ ٹانکا نہ بنائیں پہلے کھڑے ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں .

ٹانکے شمار کریں: چھ سادہ ٹانکے - بارہ ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے - بارہ چار بل ٹانکے




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## چوتھا چکر

کسی بھی دوسرے کھڑے سادہ ٹانکے میں ایک کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔(تصویر نمبر ایک دیکھئے ) (اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں سات تین بل ٹانکے بنائیں (سادہ ٹانکا ہوگا ) اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ) تصویر نمبر دو دیکھئے) ۔ کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں سادہ ٹانکا نہ بنائیں ۔کھڑے سادہ ٹانکے سے جوڑ کر چکرمکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں : بارہ سادہ ٹانکے ۔بیالیس تین بل ٹانکے




## پانچواں چکر

کسی بھی دہرائی کے آخری تین بل ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔ (تصویر نمبر ایک دیکھئے ) ۔

اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلا ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سےایکآدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے کےگرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد ( پچھلی طرف بڑا ٹانکا ایک زنجیر ٹانکا اورپچھلی طرف سے ایک بڑا ٹانکا بنائیں ) ( دوسرا ٹانکا پہلے ٹانکے کے نیچے بنائیں ) اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں )تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکےمیں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں

۔ ٹانکے شمار کرئیں:

بارہ پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔بارہ پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔چوبیس پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## چھٹا چکر

ایک زنجیر ٹانکا بنا کر اس ہی ٹانکے اور اگلے ٹانکے میں دو سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں (تصویر نمبر ایک دیکھئے -) (اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں - ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ میں دوآدھے بڑے ٹانکا ایک زنجیر ٹانکا اوردوآدھے بڑے ٹانکے بنائیں) اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں -(دھیان رہے کہ چھپا ٹانکا رہ نہ جائے )

اگلے دو ٹانکوں میں دو سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں) (تصویر نمبر دو دیکھئے) اس تمام عمل کو کل چھ بار دہرائیں -آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا ٹانکوں کے جھنڈ کو چھوڑتے ہوئے پہلے بنے دو سادہ ٹانکوں کے جھنڈ سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں -

ٹانکے شمار کرئیں: چھ دو سادہ ٹانکوں کے جھنڈ - ساٹھ آدھے بڑے ٹانکے - ایک زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ




## ساتواں چکر

کسی بھی دہرائی کے آخری آدھے بڑے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں - ( تصویر نمبر ایک دیکھئے) -(پچھلے چکروں کے سامنے کی طرف کام کرنا ہے - چکر نمبر چار دو کے دو سادہ ٹانکوں میں دوـتین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں اگلا ٹانکا چکر نمبر چھ (دو سادہ ٹانکوں کا جھنڈ )خالی چھوڑ دیں اگلے پانچ ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں -اگلی ایک زنجیر جگہ میں تین سادہ ٹانکے بنائیں -اگلے پانچ ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں) ( تصویر نمبر دو دیکھئے )اس تمام عمل کو کل چھ بار دہرائیں -آخری دہرائی میں آخری پچھلی طرف سے بنا سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں: ٹھارہ سادہ ٹانکے - ساٹھ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے -چھ دوـتین بل ٹانکوں کے جھنڈ




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## آٹھواں چکر

کسی بھی ایک زنجیر ٹانکے میں بننے تین سادہ ٹانکوں کے آخری ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک

سادہ ٹانکا بنائیں ۔ (تصویر نمبر ایک دیکھئے۔) (اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں دوـتین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ (ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔دوـتین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں) چار بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں) (تصویر نمبر دو دیکھئے ).تمام عمل کو کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری تین سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں: بیالیس سادہ ٹانکے ۔ چھ گروپ ۔ پانچ ۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ ۔ چار ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ




## نواں چکر ۔

کسی بھی دہرائی کے آخری دو۔ تین بل ٹانکوں کے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ( تصویر نمبر ایک دیکھئے ) ۔(اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔(اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر جگہ میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔) کل چار بار دہرائیں ۔

اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ) ( تصویر نمبر دو دیکھئے )تمام عمل کو کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری ٹانکے کی اگلی طرف سے بنا بڑا ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنا بڑا ٹانکےمیں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔اون کو مت کاٹیں

ٹانکے شمار کرئیں: اٹھارہ سادہ ٹانکے ۔اڑتالیس بڑے ٹانکے ۔ تیس ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بننے بڑے ٹانکے




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## دسواں چکر

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ( بڑا ٹانکا شمار ہوگا )اس ہی ٹانکے میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں -( تصویر نمبر ایک دیکھئے ) -(اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں -(اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں -اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں -) کل چار بار دہرائیں -اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں) ( تصویر نمبر دو دیکھئے ) کل چھ بار دہرائیں -آخری دہرائی میں آخری دو بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے شروعاتی تین زنجیر ٹانکے کی اوپری زنجیر ٹانکے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں -

ٹانکے شمار کرئیں:چھ سادہ ٹانکے -ایک سو آٹھ بڑے ٹانکے

-




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## گیاروان چکر

کسی بھی دہرائی کے سولہویں بڑے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔اسہی ٹانکے کے گرد بنائیں (اگلی طرف سے ایک آدھا بڑا ٹانکا اور اگلی طرف سے تین بڑے ٹانکے) اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔(جھالر ٹانکا مکمل ہوا ) ۔( تصویر نمبر ایک دو اور تین دیکھئے ۔) (اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ (سادہ ٹانکا ہوگا) اگلے اٹھارہ ٹانکوں پر جھالر ٹانکا بنائیں ۔)( تصویر نمبر چار دیکھئے ۔) آخری جھالر ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں بننے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
ٹانکے شمار کرئیں: چھتیس جھالر ٹانکے




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## بارہواں چکر ۔

کسی بھی دہرائی کے جھالر ٹانکے کی پچھلی طرف دسویں چکر کے خالی چھوڑے ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اس ہی ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائی [ تصویر نمبر ایک دیکھئے] دسویں چکر کے پینتیس جھالر ٹانکے کی پچھلی طرف دسویں چکر کے خالی چھوڑے ٹانکے میں تین تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔[ تصویر نمبر دو دیکھئے ]۔ کھڑے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔ اون کو مت کاٹیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔ ایک سو آٹھ بڑے ٹانکے




## اشارہ

اگلے دو چکروں میں آپ کا کام پیالی نما ہو جائےگا ۔ بہتر ہوگا کہ ایک زنجیر جگہ میں نشان بکسوہ لگا لیا جائے۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## تیرہواں چکر۔

شروعاتی تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ اسہی ٹانکے اور اگلے دو ٹانکوں میں بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔] (ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔(اگلے تین ٹانکوں میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ ) تین بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔اگلے تین ٹانکوں میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔) [تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری تین ٹانکوں میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ چھوڑتے ہوئے شروعاتی تین ٹانکوں میں بنے تین بڑے ٹانکوں کے جھنڈ سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریئں ۔

چھتیس تین ٹانکوں میں بنے تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی بارہ جگہ ۔ تین زنجیر ٹانکے والی اٹھارہ جگہ ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## چودھواں چکر

کسی بھی ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔[تصویر نمبر ایک دیکھئے] ۔(اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ میں دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلی تین زنجیر ٹانکے والی جگہ میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر ٹانکوں والی جگہ میں پانچ بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلی تین زنجیر ٹانکے والی جگہ میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ میں دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلی ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) ( تصویر نمبر دو دیکھئے ) کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔اون کو مت کاٹیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔

چھ سادہ ٹانکے ۔بارہ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔ چوبیس آدھے بڑے ٹانکے ۔ بارہ  ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔ سڑسٹھ بڑے ٹانکے ۔ بارہ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## پندرھواں چکر ۔

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔[تصویر نمبر ایک دیکھئے ] (اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔ (دو بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے ۔دو بڑے ٹانکے) اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں) ۔[تصویر نمبر دو دیکھئے ۔] کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری دو سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔ ٹانکے شمار کرئیں: اٹھارہ سادہ ٹانکے ۔چھتیس آدھے بڑے ٹانکے ۔ چھیانوے بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## سولہواں چکر ۔

کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ سے پہلے بنے آخری ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے] ۔ ( دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔اگلی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔(تین بل ٹانکا اور ایک زنجیر ٹانکا) تین بار دہرائیں ۔اگلے ٹانکے میں تین بل ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔(ایک زنجیر ٹانکا اور تین بل ٹانکا) تین بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) [تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں چھیانوے سادہ ٹانکے ۔ بیالیس تین بل ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چھتیس جگہ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## سترھواں چکر

کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ سے پہلے بنے آخری ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں [ تصویر نمبر ایک دیکھئے] ۔ ( دو زنجیر ٹانکے کی اگلی طرف کام کرنا ہے ۔ چکر نمبر پندرہ کی دو زنجیر جگہ میں تین سادہ ٹانکے بنائیں ۔ اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔(ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔اگلی ایک زنجیر جگہ میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔) چھ بار دہرائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ )[ تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریئں ۔ نوے سادہ ٹانکے ۔ اڑتالیس بڑے ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی بیالیس جگہ




## اٹھارواں چکر ۔

کسی بھی دہرائی کے پہلے بڑے ٹانکے سے پہلے بنے سادہ ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں [۔تصویر نمبر ایک دیکھئے] (( اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر جگہ کے سامنے کی طرف کام کرنا ہے ۔چکر نمبر سولہ کے اگلے ٹانکے میں چار بل ٹانکا بنائیں ۔) سات بار دہرائیں ۔ اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) [ تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریئں ۔ بہتر سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے اڑتالیس سادہ ٹانکے ۔ بیالیس چار بل ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ

-




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## انیسواں چکر

کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ کے بعد بنے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے ]۔ ((اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔(چار تین بل ٹانکے ۔ دانہ ٹانکا ۔ چار تین بل ٹانکے) تین بار دہرائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔دو زنجیر ٹانکے والی جگہ کے اوپر سے آتے ہوئے چکر نمبر سترہ کے اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ( دھیان رہے کہ پہلا چھپا ٹانکا رہ نہ جائے )( تصویر نمبر دو دیکھئے ۔) چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری پانچ سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔ آٹھ آٹھ تین بل ٹانکوں اور دانہ ٹانکوں کے ۔ نوے سادہ ٹانکے ۔ اٹھارہ گروپ




## بیسواں چکر ۔

کسی بھی دہرائی کے آخری تین بل ٹانکوں کے گروپ کے آخری تین بل ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔ [تصویر نمبر ایک دیکھئے ] ۔(اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ ( اگلے آٹھ ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔) دو بار دہرائیں ۔اگلے آٹھ ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) [ تصویر نمبر دو دیکھئے] کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنا سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں اڑتالیس سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بارہ سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے ایک سوچوالیس سادہ ٹانکے ۔ دو زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ




-

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## اکیسواں  چکر

کسی بھی دہرائی کے بعد آنے والے سادہ ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں .[تصویر نمبر ایک دیکھئے۔ ] (اگلے دو ٹانکوں میں دو سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔ (چار تین بل ٹانکے ۔ دانہ ٹانکا ۔ چار تین بل ٹانکے) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔  اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔(چار تین بل ٹانکے ۔دانہ ٹانکا ۔چار تین بل ٹانکے) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں دو سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ بیسویں چکر کی دو زنجیر جگہ کے اوپر سے نیچے آئیں اورچکر نمبر اونیس کے اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔  (چھپا ٹانکا رہ نہ جائے) اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) [تصویر نمبر دو دیکھئے ۔] کل چھ بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری تین سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔    اونیس سادہ ٹانکے ۔ دو سادہ ٹانکوں کے دو جھنڈ ۔ سولہ تین بل ٹانکے ۔ دو دانہ ٹانکے




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## بائسواں چکر

کسی بھی آٹھ تین بل ٹانکوں کے گروپ کے دوسرے ٹانکے میں کھڑا ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں [ ۔تصویر نمبر ایک دیکھئے] ۔ ( اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں ٹانکا کچھ اسطرح بنائیں چکر نمبر اونیس کے دانہ ٹانکا اور اگلے ٹانکے میں سے گزار کہ سادہ ٹانکا مکمل کریں ۔ اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے چھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔( چکر نمبر اونیس کے دانہ ٹانکا اور اگلے ٹانکے میں سے گزار کہ سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے آٹھ ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) دو بار دہرائیں) [ تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے کو چھوڑنے ہوئے پہلے کھڑے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کرئیں ۔ پندرہ سادہ ٹانکے ۔ سولہ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی دو جگہ ۔




## تئیسواں چکر

کسی بھی دو زنجیر ٹانکے والی جگہ سے پہلے بنے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔] ( دو زنجیر ٹانکے والی جگہ کے اوپر سے کام کرنا ہے ۔ چکر نمبر اکیس کے اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں

( چھپا ٹانکا رہ نہ جائے ) اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔ ( چار تین بل ٹانکے ۔ دانہ ٹانکا ۔چار تین بل ٹانکے ) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں) ( تصویر نمبر دو دیکھئے ) کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں فی دہرائی ٹانکے ۔ آٹھ تین بل ٹانکے ۔ ایک دانہ ٹانکا

--




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## چوبسواں چکر

کسی بھی دہرائی کے آخری تین بل ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں -[ تصویر نمبر ایک دیکھئے -] (چکر نمبر اکیس اور اگلے ٹانکے میں سے گزار کہ سادہ ٹانکا بنائیں - اگلے گیارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں - اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے اور چکر نمبر اکیس کے دانہ ٹانکے میں سے گزار کہ سادہ ٹانکا بنائیں - اگلے آٹھ ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں - )[ تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے کو چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں -

ٹانکے شمار کرئیں - فی دہرائی - چوبیس سادہ ٹانکے - ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے آٹھ سادہ ٹانکے - دو زنجیر ٹانکے والی ایک جگہ

-




### اشارہ

ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ کی شناخت میں آسانی کے لئے اس میں نشان بکسوہ لگائیں -

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## پچیسواں چکر ۔

کسی بھی دہرائی کے دانہ ٹانکے میں سے گزار کہ بنے سادہ ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں [۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔]

(اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے والی جگہ کے اوپر سے اگلے تین ٹانکوں میں سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ (چھپاٹانکا رہ نہ جائے) اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ )( تصویر نمبر دو دیکھئے ) کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں فی دہرائی ۔ چوبیس سادہ ٹانکے ۔ تین سادہ ٹانکوں کا ایک جھنڈ ۔ چھ بڑے ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی ایک جگہ

-




## چھبیسواں چکر ۔

کسی بھی دہرائی کی ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ سے پہلے بنے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے]۔ (چکر نمبر تئیس کے دانہ ٹانکا اور ایک میں تین سادہ ٹانکے بنائیں ۔ اگلے سترہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔(چھپا ٹانکا رہ نہ جائے ) اگلے سترہ ٹانکوں کے گرد اگلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ )[ تصویر نمبر دو دیکھئے ] کل چھ بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے کو چھوڑنے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔
ٹانکے شمار کرئیں فی دہرائی : سینتیس سادہ ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنا ایک سادہ ٹانکا ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## ستائیسواں چکر۔

کسی بھی دہرائی کے ایک زنجیر ٹانکے میں بننے تین سادہ ٹانکوں کے پہلے سادہ ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے ]۔ ( اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ (ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔) تین بار دہرائیں ۔ ( ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔اگلے ٹانکے میں تین ۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ )پانچ بار دہرائیں ۔ (ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ )تین بار دہرائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ) [تصویر نمبر دو دیکھئے] کل چھ بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری پانچ سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں ۔

ٹانکے شمار کریں فی دہرائی ۔

سات سادہ ٹانکے ۔ آٹھ آدھے بڑے ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں والے چھ جھنڈ ۔ تین ۔ تین بل ٹانکوں والے پانچ جھنڈ ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی بارہ جگہ ۔




### اشارہ

آپ کا کام پیالی نما ہو جائےگا ۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## اٹھئیسواں چکر ۔

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔[ تصویر نمبر ایک دیکھئے ]۔ ( اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں (ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔اگلی ایک زنجیر جگہ میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ )چار بار دہرائیں ۔ ( ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں تین ۔تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ )چار بار دہرائیں ۔ (ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں تین بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔)چار بار دہرائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا چھپا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) [ تصویر نمبر دو دیکھئے ۔] کل چھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری پانچ سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔اون کو مت کاٹیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔فی دہرائی ۔ سات سادہ ٹانکے ۔ چھ آدھے بڑے ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکوں کے آٹھ جھنڈ ۔ تین ۔تین بل ٹانکوں کے چار جھنڈ ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی تیرہ جگہ




## اونتیسواں چکر ۔

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں [ تصویر نمبر ایک دیکھئے]۔( اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ (اگلی ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔) بارہ بار دہرائیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔( ایک زنجیر ٹانکے کے بعد آنے والے ٹانکے رہ نہ جائے ۔) اگلے نو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) ( تصویر نمبر دو دیکھئے ۔) کل چھ بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری چھ سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی دہرائی

نو سادہ ٹانکے ۔ سترہ آدھے بڑے ٹانکے ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بارہ آدھے بڑے ٹانکے ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

### اشارہ
بڑہائے گئے ہر تین ۔ تین بڑے ٹانکوں کے دوسرے ٹانکے میں نشان بکسوہ لگائیں ۔ یہ آپ کو ٹانکے گننے میں مدد دے گا ۔

### تیسواں چکر۔

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔(بڑا ٹانکا شمار ہوگا ۔) تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ (اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے نو ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔)( تصویر نمبر دو دیکھئے ۔) کل بارہ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری بڑا ٹانکا چھوڑتے پہلے بنے تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر ٹانکے کو جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی دہرائی ۔ دو سو باون بڑے ٹانکے




# حصہ اول ختم ہوا

آپ کا کام ہلکا سا پیالی نما ہو جائےگا ۔ حصہ دوئم میں یہ درست ہوجائے گا
۔

اگر آپ کام کوبلاک کرنا چاہتے ہیں تو اسے کھینچئے مت ۔صرف ہاتھوں سے درست کرلیں ۔ پن لگا کہ ہیئر ڈرائیر کی مدد سے
ایکریلیک اُون کو ہلکی سے گرمائش سے بلاک کر لیں ۔ قدرتی ریشوں کو ہلکا سا نم کر کے خشک ہونے دئیں۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

ہمارے کروشے آلونگ میں  شامل ہونے کا شکریہ ۔

مدد اور رہنمائی کے لیے ہمارا فیس بک پیج گروپ ہیلنز ہکوہولک میں  شامل ہوسکتے ہیں ۔

https://www.facebook.com/groups/helenshookaholics/

♡برائے مہربانی اس بات کو یاد رکھئیے گا کہ یہ میرا ڈیزان ہے ۔ اور اس پہ کاپی رائٹ ایکٹ لاگوہے ۔ آپ میرا لنک یا ویب سائٹ یا ریولری سٹور کی معلومات کسی کو بھی دئے سکتے ہیں ۔ آپ اسکا پی ڈی ایف اپنے استعمال کے لئے چھاپ سکتے ہیں لیکن برائے مہربانی اس میں کچھ بھی تبدیل  یا بدل  نہیں سکتے نہ ہی شئیر کر سکتے ہیں ۔ برائے مہربانی میرا احترام

جیسے کی میں آپ کا کرتی ہوں

**♡آپکی ہیلن**

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.